# ٹریڈ ٹیسٹ پیپر

ٹریڈ: بحری تعمیرات پلانٹ کارگزار (ڈیرک)

ہنرمندی کا درجہ: ہنرمند کاریگر

سوال: حقیقی جائے وقوع کے مطابق مندرجہ ذیل کام کیجئے:

1. اسباب والی ناو کو نامزد شدہ مقام کی طرف 2 میٹر تک موڑنے کے لئے حمالے کو ضابطے میں لائیں۔ (10 نمبر)

2. کارروائی سے پہلے مندرجہ ذیل اشیاء کو مستعد کریں اور جائزہ لیں: (10 نمبر)

— جائز اسباب والی ناو کا لائسنس، ڈیرک (شیئر لیگ) اور لٹکنے والے آلات سے متعلق امتحانی سند؛
— ایندھن کی سطح، انجن آئل، سردکاراور کرین کے بریک نظام کی کارکردگی؛
— مستول رسی کی حالت، کرین کا چبوترا، ڈیرک، گوپیا، چڑھائی والا کنڈا، قلابہ، طناب اور دیگر لٹکنے والے آلات؛
— مندرجہ بالا مستعد طریقہ کاراور حفاظتی اقدامات کی تکمیل کے بعد، ڈیرک کو کام انجام دینے والی اونچائی کی طرف بلند کریں اور کام کے ٹکڑے کو اٹھانے کے لئے تیار ہوں۔

3. نامزد شدہ مقام کی طرف قلابہ/ جھپٹ لینے والے ڈول کا تعاقب کیجئے ( جس کو عام طور پر قلابہ/ جھپٹ لینے والے ڈول تعاقب کہا جاتا ہے، قلابہ/ جھپٹ لینے والے ڈول کی جنبش زیادہ سے زیادہ 2 میٹر سے زائد نہیں ہونی چاہئے) 20 سیکنڈ کے اندر اندر مسلسل 2 دفعہ۔ (10 نمبر)

4. حقیقی جائے وقوع کے مطابق امیدوار کو مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک امتحان کا انتخاب کرنا ہے: (40 نمبر)

— ڈول یا گریپل کی مدد سے اسباب والی ناو کے حجرے میں موجود سامان کو پکڑیں ( جیسے ک اسباب والی ناو کا موجودہ سامان)، حقیقی کام والے جائے وقوع پرمسلسل10 دفعہ پھینک کر کام کو انجام دیں؛ یا
— حقیقی کام والے جائے وقوع پر سمندر سے کیچڑ کو پکڑیں اور اسباب والی ناو کے حجرے میں مسلسل 10 دفعہ پھینکیں۔

5. قلابہ کی مدد سے سمندری دیوار یا دیگر پہلے سے قالبی کنکریٹ کے بلاک کو اٹھائیں اور نامزد شدہ مقام پر 10 دفعہ رکھ کر کام کو انجام دیں۔ (20 نمبر)

6. آہنی تاروں کے رسے کے مرکزی حصے کو 90 ~ 50 ملی میٹر محیط سے کاٹیں (لمبائی مرضی کےمطابق)،اور وزن کی آزمائش کے لئے ہاتھ والے آلات کا استعمال کرتے ہوئے اسٹیل کے ترنگل کو چوگرے کنڈلی بکلس سے ملائیں جس کا قطر 600 ملی میٹر ہو۔ (10 نمبر)

امتحان کا دورانیہ: 3 گھنٹے

نوٹ: (1) امیدوار کو چاہئے کہ کام کی شروعات سے پہلے منسلک "نوٹ برائے امیدواران" کو پڑھے۔
(2) امتحان کے دوران اگر کوئی امیدوار حفاظتی احتیاطی تدابیر نہیں لیتا تو اس کو ناکام قرار دیا جائے گا؛ اور
(3) سوال 2 صفحات پر مشتمل ہے۔ تمام امتحانی مد کے کل نمبر 100ہوں گے اور کامیاب ہونے کے لئے 60 یا زائد نمبر درکار ہیں۔

